# اہلِ قبور کی زیارت

<"xml encoding="UTF-8?>

## اہلِ قبور کی زیارت

مسئلہ 783: مومنین اور مومنات کی قبروں کی زیارت کے لیے جانا مستحب ہے اور اہلِ قبور کی زیارت کےلیے بعض آداب ذکر ہوئے ہیں مثلاً یہ کہ قبلہ کی طرف رخ کرے اپنے ہاتھ کو قبر پر رکھے اور سات مرتبہ سورہٴ ”اناانزلناہ“ پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورہٴ توحید پڑھے اور سورہٴ یٰس اور ملک کی قرائت کرے اور دوسرے مقامات جو مفصل کتابوں میں ذکر کئے گئے ہیں۔